# Directorate Of Education GNCT Of Delhi

## Practice Question Paper (2023-24)

Subject: Urdu B

Class: X

Code: 303

Time: 3hrs — Max. Marks: 80

**عام ہدایات**

1۔اس سوال نامے میں کل 12 سوالات ہیں

2۔یہ سوال نامہ چار حصّوں پر مشتمل ہے۔

3۔ہر حصّے میں دی گئی ہدایت کے مطابق سوالوں کے جواب لکھیں۔

4۔سوال کا نمبر اس کے سامنے درج ہے۔

5۔جواب لکھتے وقت اس کا درست نمبر لکھنا ہر گز نہ بھولیں۔

6۔جواب تحریر کرتے وقت صفائی اور خوشخط کا خاص خیال رکھیں۔

## Section A حصّہ الف

1۔درج ذیل دونوں درسی اقتباسات (نثری اور شعری) کو غور سے پڑھیے اور اس سے متعلق سوالوں کے جواب لکھیے۔ (10)

الف

رضیہ سلطان باقاعدہ دربار لگاتی تھی۔ اس نے برابری اور بھائی چارے کو عام کیا۔ رضیہ سلطان نے حکومت کے اختیارات کو چالیس امیروں میں بانٹا جن سے وہ ملکی معاملات میں مشورہ کرتی تھی۔ اس نے ''میر آخور'' کا سب سے بڑا عہدہ ایک حبشی غلام یاقوت کو دیا کیونکہ وہ ایمان دار اور جفاکش تھا۔ یہ اہم عہدہ اب تک صرف تُرک امیروں کو ملتا تھا۔ یہ بات تُرک امیروں کو پسند نہیں آئی۔ انھوں نے رضیہ کو تخت سے اتارنے کی سازش کی اور بھٹنڈا کے گورنر التونیہ کو بہکا کر بغاوت کروا دی۔ جب وہ بغاوت کو کچلنے کے لیے پنجاب میں بھٹنڈا پہنچی تو اس کے سپاہی طویل سفر اور گرمی سے پریشان ہو چکے تھے۔ اگرچہ دونوں فوجوں میں زبردست مقابلہ ہوا مگر رضیہ کی فوج کو ہتھیار ڈالنے پڑے۔ وہ قید کر لی گئی۔ ادھر دلّی میں سازشیوں نے رضیہ کے بھائی بہرام کو تخت پر بٹھا دیا اور بڑے بڑے عہدے آپس میں بانٹ لیے۔ بہرام کمزور بادشاہ ثابت ہوا۔ التونیہ کو جب اپنی غلطی کا احساس ہوا تو اس نے رضیہ سے معافی مانگی اور اپنی وفاداری کا یقین دلایا پھر دونوں کی شادی ہو گئی۔

i۔ درج ذیل اقتباس کس سبق سے لیا گیا ہے؟

ii۔ رضیہ سلطان نے کس چیز کو عام کیا؟

iii۔ رضیہ سلطان نے میر آخور کا عہدہ کس کو دیا؟

iv۔ التونیہ کہاں کا گورنر تھا؟

v۔ رضیہ سلطان کی شادی کس سے ہوئی؟

ب

قدم اٹھانے کی طاقت نہیں ذرا تجھ میں

نری بڑائی ہے، خوبی ہے اور کیا تجھ میں

جو تو بڑا ہے، تو مجھ سا ہنر دکھا مجھ کو

یہ چھالیا ہی ذرا توڑ کر دکھا مجھ کو

نہیں ہے چیز نکمّی کوئی زمانے میں

کوئی بُرا نہیں قدرت کے کارخانے میں

i۔ درج بالا شعری حصّہ شاعری کی کس صنف سے لیا گیا ہے ؟

ii۔ قدم اُٹھانے کی طاقت کس میں نہیں ہے؟

iii۔ لفظ نکّمی کے معنی بتایئے۔؟

iv۔ قُدرت کے کارخانے سے کیا مراد ہے؟

v۔ یہ چھالیا ہی ذرا توڑ کر دکھا مجھ کو

گلہری نے یہ کس سے کہا؟

2۔ درج ذیل دونوں غیر درسی اقتباسات (نثری اور شعری) کو غور سے پڑھیے اور اس سے متعلق سوالوں کے جواب لکھئیے۔ (10)

الف

| | |
|---|---|
| ایک بار ایسا ہوا برسات میں | سرد، لمبی گھُپ اندھیری رات میں |
| ایک ننھی بوند آنکھیں میچتی | ہچکچاتی سانس اندر کھینچتی |
| چھوڑ کر بادل کا پہلو جب چلی | دِل ہی دِل میں سوچ کر ڈرنے لگی |
| یہ بھیانک رات اور لمبا سفر | راستہ بھی کچھ نہیں آتا نظر |
| کیا بھروسہ آگ میں گر جاؤں میں | پھر نہ کچھ اپنا پتا بھی پاؤں میں |

i۔ دل ہی دل میں سوچ کر کون ڈرنے لگی؟

ii۔ ان اشعار میں کس موسم کا ذکر ہے؟

iii۔ راستہ کیوں نہیں نظر آرہا تھا؟

iv۔ ننھی بوند کو کس میں گر کر فنا ہو جانے کا خوف ستا رہا تھا؟

v۔ ان اشعار میں کس وقت کا ذکر ہے؟

ب

جدید لب و لہجے کے ممتاز شاعر محمد علوی 10 اپریل 1927 کو احمد آباد صوبہ گجرات میں پیدا ہوئے۔انہوں نے ابتدائی تعلیم اپنے آبائی وطن میں حاصل کی اور اعلی تعلیم جامعہ ملیہ اسلامیہ، نئی دہلی سے مکمل کی۔ محمد علوی بچپن سے ہی شعر کہنے لگے تھے۔ وہ نظم اور غزل دونوں کے شاعر ہیں۔انہیں دونوں پر یکساں عبور حاصل ہے۔انہوں نے نظم اور غزل دونوں کو نئی بلندیوں سے ہمکنار کیا۔ان کے کلیات میں غزلوں کے مقابلے نظموں کی تعداد زیادہ ہے۔

محمد علوی کا شمار اُردو کے نمائندہ شعرا میں ہوتا ہے۔اُردو شاعری میں وہ اپنی سادگی کے لیے مشہور ہیں۔ محمد علوی نے جس دور میں ہوش سنبھالا وہ ترقی پسند تحریک کا دور عروج تھا۔ان کی نظمیں اور غزلیں اپنے عہد کی بھرپور ترجمانی کرتی ہیں۔ محمد علوی احساس کے شاعر ہیں انہوں نے جو کچھ دیکھا اور محسوس کیا اسے اپنی شاعری میں پرو دیا یہی وجہ ہے کہ اُن کی شاعری دلوں پر جلدی اثر کرتی ہے۔انہوں نے اپنے عہد کے مسائل کو بڑی فنکاری سے اپنی شاعری میں پرویا ہے۔اپنی حیرتوں اور مشاہدوں کو محمد علوی نے دلچسپ انداز سے پیش کیا ہے۔ان کی نظمیں ہمیں تازگی کا احساس دلاتی ہیں۔

i۔ محمد علوی کہاں پیدا ہوئے ؟

ii۔اردو شاعری میں محمد علوی کس کے لیے مشہور ہیں؟

iii۔ محمد علوی نے اعلی تعلیم کہاں سے مکمل کی؟

iv۔ کس تحریک کے دور عروج میں محمد علوی نے ہوش سنبھالا؟

v۔ محمد علوی کو احساس کا شاعر کیوں کہا جاتا ہے؟

## Section B حصّہ ب

3۔مندرجہ ذیل دیے گئے عنوان میں سے کسی ایک پر کم سے کم 250 الفظ پر مشتمل مضمون لکھیئے- (10)

قومی تہوار، کسی تاریخی مقامات کی سیر، پسندیدہ شخصیت

4۔ اپنے اسکول کے پرنسپل کے نام بہن کی شادی میں شرکت کے لئے تین دن چھٹی کی درخواست لکھیئے (5)

یا

اپنے والد کو اپنی تعلیمی سرگرمیوں کے بارے میں جانکاری دیتے ہوئے ایک خط لکھیئے.

5۔ سیّد احتشام حسین کے حالات زندگی پر ایک نوٹ لکھیئے- (5)

یا

سعادت علی کو انگریزوں نے اودھ کے تخت پر کیوں بیٹھایا؟

6۔ساحر لدھیانوی کے حالات زندگی پر روشنی ڈالیے۔ (5)

یا

مر تقی میر کی شاعری پر اختصار کے ساتھ روشنی ڈالیے۔

## Section C حصّہ ج

7۔درج ذیل سوالوں کے متبادل جوابات میں سے درست جواب تلاش کر کے لکھئیے

(16)

(i)۔وو فعل جس کا فاعل ہو اسے کیا کہتے ہیں

(A)۔فعل مجہول

(B)۔فعل حال

©۔فعل معروف

(D)۔فعل مستقبل

(ii)۔ کسی خاص شخص، خاص جگہ، یا خاص چیز کے نام کو کیا کہتے ہیں؟

(A)۔اسم معرفہ

(B)۔اسم نکرہ

©۔اسم آلہ

(D)۔اسم مصغر

(iii)۔شکایت کی جمع بتایئے؟

(A) ۔شقیت

(B)۔شقیایت

©۔شکایتوں

(D)۔شکایات

(iv)۔بہادر کا متضاد بتایئے

(A) ۔بزدل

(B)۔نفرت

©۔انجام

(D)۔ دوست

(v)۔لفظ قدیم کا مترادف بتایئے

(A)۔نیا

(B)۔راستہ

©۔پُرانا

(D)۔آنکھ

(vi)۔ووکام جو موجودہ وقت میں ہو اسے کیا کہتے ہے؟

(A)۔فعل حال

(B)۔فعل مستقبل

©۔ فعل ماضی

(D)۔ فعل ناقص

(vii)۔ مندرج ذیل میں کون سے لفظ میں لاحقہ کا استعمال ہوا ہے ؟

(A)۔ بدزبان

(B)۔ ضرورت مند

©۔ خوش حال

(D)۔ بے قصور

(viii)۔ جس جملے کے آخر میں (؟) نشان ہو اس کو کیا کہتے ہیں ؟

(A)۔ ختمہ

(B)۔ فجایہ

©۔ سوالیہ

(D)۔ سکتہ

8۔ مندرجہ ذیل محاوروں کو جملوں میں استعمال کیجئے (4)

پار/اترنا

بول بالا ہونا

دانتوں میں انگلیاں دبانا

چھٹی کا دودھ یاد آنا

## Section D حصّہ د

9۔ درج ذیل سوالات کے جواب دیجئے۔ (6)

(i)۔ بندو کو کاٹھ کا گھوڑا کیوں کہا گیا ہے؟

(ii) ۔ وزیر علی کے کارنامے سن کر کس کے کارنامے یاد آتے ہیں؟

(iii)۔ ڈاکٹر بھیم راؤ امبیڈکر کا پورا نام کیا تھا؟ ان کا تعلق کس خاندان سے تھا؟

10۔ درج ذیل سوالات کے مختصر جواب دیجئے

(i)۔ سعادت علی کیسا آدمی تھا؟ (2)

(ii)۔ ہندوستان کی قبائلی نسلوں کے نام کیا ہے؟

11۔ درج ذیل سوالات کے مختصر جواب دیجئے۔ (4)

(i)۔ بے تکلفی سے کیا پریشانی ہوتی ہے؟

(ii)۔ ہستی اپنی حباب کی سی ہے......... مصرع مکمل کیجئے۔

12۔ درج ذیل سوالات کے مختصر جواب دیجئے۔ (3)

(i)۔ نازکی اس کے لب کی کیا کہئے

پنکھڑی اک گلاب کی سی ہے

درجہ بالا شعر میں قافیہ کی نشاندہی کیجئے؟

(ii )۔ کوئی امید بر نہیں آتی

کوئی صورت نظر نہیں آتی

یہ شعر کس کی غزل سے لیا گیا ہے؟